Member AKNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر
جلد 02 | جمعتہ المبارک 11 نومبر 2022ء 15 ربیع الثانی 1444ھ 27 کاتک 2079 ب | صفحات 04 / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 267

"دھرتی کمیونیکیشن" راولاکوٹ نے ایک اور سنگ میل عبور کر لیا، ڈیجیٹل میڈیا لسٹ میں شمولیت کی منظوری

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ کا آن لائن ایڈیشن، ای پیپر دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں کی توجہ مرکز رہتا ہے، کشمیر دھرتی کی ویب سائٹ کو google adsense کی جانب سے بھی تشہیری مہم کیلئے اہل قرار دیا گیا ہے

کشمیر دھرتی کا فیس بک پیج، وٹیوب چینل کو ناظرین کی بڑی تعداد پسند کرتی اور دیکھتی ہے، نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس میں میڈیا لسٹ میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی

مظفرآباد، راولاکوٹ (پی آئی ڈی، دھرتی نیوز) پونچھ ڈویژن کے معروف میڈیا گروپ "دھرتی کمیونی کیشن" راولاکوٹ نے ایک اور اہم سنگ میل عبور کر لیا، آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر محکمہ تعلقات عامہ نے "دھرتی کمیونی کیشن پرائیویٹ لمیٹڈ" کو ڈیجیٹل میڈیا لسٹ میں شامل کرنے کی منظوری دے دی، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ راجہ اظہر اقبال کی زیر صدارت نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈیجیٹل میڈیا لسٹ میں شمولیت کے حوالہ سے کیسز زیر غور لائے گئے۔ ڈیجیٹل میڈیا مانیٹرنگ کمیٹی نے اجلاس میں 09 کیسز کو میڈیا لسٹ میں شامل کرنے کے لیے منظور کر لیے۔ کمیٹی نے اوصاف اسلام آباد (سٹرلنگ میڈیا پرائیویٹ) عدالت گروپ (پرائیویٹ لمیٹڈ، کنٹری نیوز (بقیہ 48 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ راجہ اظہر اقبال ڈیجیٹل میڈیا مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کارڈیک ہسپتال او پی ڈی ساٹھ ایام میں اوپریشنل کی جائے

سٹاف کو 24/7 سروس کی بنیاد پر فوری تعینات کیا جائے، وزیر اعظم

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے ہدایت کی ہے کہ کارڈیک ہسپتال مظفرآباد کی او پی ڈی 60 ایام میں اوپریشنل کی جائے، کارڈیک سرجن سمیت دیگر پروفیشنل سٹاف کو 24/7 سروس کی بنیاد پر فوری تعینات کیا (بقیہ 47 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: چانسلر جامعہ کشمیر، وائس چانسلر جامعہ کشمیر کے اساتذہ اور طلبہ کا گروپ فوٹو

فوجی قیادت اور اداروں پر الزامات، عمران خان اور دیگر کے خلاف مقدمات درج کرنے کا فیصلہ

حکومت نے قانونی ماہرین سے مشاورت مکمل کر لی، اب ایف آئی اے سے کہا جائے گا کہ وہ مقدمات درج کرے

عمران خان کی میڈیا گفتگو بطور پریس کانفرنس تمام میڈیا چینلز پر براہ راست نشر کی گئی اور سوشل میڈیا پر بھی وائرل ہوئی، درخواست

اسلام آباد (صباح نیوز) فوجی قیادت اور اداروں پر الزامات لگانے کے معاملہ پر وفاقی حکومت نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیر اعظم عمران خان اور دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف پیکا ایکٹ 2016 کی دفعہ 10 اور 11 اور تعزیرات پاکستان کی دفعات 120/B، 124/A، 505، 506، 109 اور 34 کے تحت فوجداری مقدمات درج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالہ (بقیہ 35 صفحہ 03 پر)

جامعہ کشمیر کا انیسواں کانووکیشن، ایک ہزار سے زائد طلباء و طالبات کو ڈگریاں عطا

چانسلر جامعہ کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے 49 نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو گولڈ میڈلز سے بھی نوازا

کشمیری عوام کے حوصلے بلند ہیں، ہماری یہ جدوجہد مقبوضہ کشمیر کے بھارتی تسلط سے آزادی تک جاری و ساری رہے گی، بیرسٹر

مظفرآباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ بھارت کو کسی بھی جارحیت کا دندان شکن جواب دیا جائے گا اور بھارت اپنے مکروہ عزائم میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہو گا۔ کشمیری عوام کے حوصلے بلند ہیں اور ہماری یہ جدوجہد مقبوضہ کشمیر کے بھارتی تسلط سے آزادی تک جاری و ساری رہے گی۔ صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے طلباء اور ان کے قابل فخر والدین کو اُن کی زندگی کی اعلیٰ ترین (بقیہ 49 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: صدر آزاد کشمیر و چانسلر جامعہ کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری یونیورسٹی آف آزاد جموں و کشمیر کے انیسویں کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں۔

سیکورٹی فورسز کیلئے وفاق کو دوبارہ مکتوب ارسال

15 دسمبر تک مرحلہ وار بلدیاتی انتخابات کا امکان

بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں تھوڑا وقت رہ گیا، پولنگ اسٹیشنز پر امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا ہے، پاک فوج، دیگر فورسز کی فراہمی کی نسبت متعلقہ ادارہ جات کو ہدایات جاری کی جائیں، الیکشن کمیشن کا وفاق کو خط

بلدیاتی الیکشن ہر صورت ہونگے، وفاق کی جانب سے مطلوبہ نفری کی نصف تعداد ملنے کا امکان ہے، پہلے مرحلہ میں 27 نومبر کو پونچھ ڈویژن اور اس کے بعد مظفرآباد، میرپور میں انتخابات کروانے کی تجویز ہے، حکومتی عہدیدار

مظفرآباد، راولاکوٹ (پی آئی ڈی، دھرتی نیوز) آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن نے وفاقی حکومت کے وزیر داخلہ کو آزاد کشمیر کے آمدہ بلدیاتی انتخابات میں سیکورٹی فورسز، ایف سی/ پنجاب کانسٹیبلری/ پاک فوج کی ماموری کیلئے دوبارہ مکتوب تحریر کر دیا۔ چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر کی (بقیہ 46 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی الیکشن شیڈول کے مطابق ہی ہونگے، اپوزیشن کو بھاگنے نہیں دیں گے، وزیر اعظم

جو لوگ سیکورٹی کا بہانہ بنا کر الیکشن سے راہ فرار چاہتے ہیں انہیں بتانا چاہتا ہوں سیکورٹی کی فراہمی حکومت اور الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے

مرحلہ وار الیکشن کی کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے لیکن ہمارے پاس آپشن موجود ہیں۔ لوگ الیکشن کی بھرپور تیاری جاری رکھیں، تنویر الیاس

راولاکوٹ (پی آئی ڈی) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے کہا ہے کہ بلدیاتی الیکشن ہر صورت شیڈول کے مطابق ہی ہوں گے، اپوزیشن کی جماعتوں کو میدان سے بھاگنے نہیں دیں گے۔ جو لوگ سیکورٹی کا بہانہ بنا کر الیکشن سے راہ فرار چاہتے ہیں انہیں بتانا چاہتا ہوں سیکورٹی کی فراہمی حکومت اور الیکشن کی ذمہ داری ہے وہ مہیا کریں گے۔ مرحلہ وار الیکشن کی کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے لیکن ہمارے پاس آپشن (بقیہ 50 صفحہ 03 پر)

کیپٹن حسین خان شہید کا یوم شہادت آج منایا جائے گا

برسی کی تقریب میں سرکردہ سیاسی و سماجی شخصیات شرکت کریں گی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) کیپٹن حسین خان شہید کا یوم شہادت آج عقیدت و احترام سے منایا جائے گا، کیپٹن حسین خان شہید کے مزار واقع حسین کوٹ میں ایک تقریب کا اہتمام کیا جائے گا جس میں سرکردہ سیاسی و سماجی شخصیات کے علاوہ طلباء و طالبات دیگر مکاتب فکر کے افراد شریک ہوں گے، واضح رہے کہ کیپٹن حسین شہید کی قیادت میں مقامی لوگوں نے ڈوگرہ فوج کو یہاں سے (بقیہ 45 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ کے عہدیداران و ممبران کا معاون خصوصی اطلاعات رفیق نیئر سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ریکوڈک منصوبہ، سی پیک طرز پر اتھارٹی تشکیل دی جائے، عدالت

دوبارہ ریکوڈک منصوبے کو تباہ ہونے نہیں دینا چاہتے، چیف جسٹس

اسلام آباد (صباح نیوز) ریکوڈک صدارتی ریفرنس میں سپریم کورٹ آف پاکستان نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کوئی مضبوط اتھارٹی نہیں، حکومت ریکوڈک منصوبے کی نگرانی کے لیے سی پیک طرز کی اتھارٹی تشکیل دے، ریکوڈک منصوبے کو دوبارہ تباہ ہونے نہیں دینا چاہتے۔ (بقیہ 51 صفحہ 03 پر)

سی پیک جیسے منصوبے پاکستان کی قسمت تبدیل کریں گے، ثاقب نثار

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق چیف جسٹس ثاقب نثار نے کہا ہے کہ ہمارے عدل کے نظام میں بہت مسائل ہیں۔ لاہور میں سی پیک پر (بقیہ 52 صفحہ 03 پر)

غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کے فرزند سردار محمد فاروق ابراہیم کا انتقال، آبائی قبرستان میں سپرد خاک

نماز جنازہ خان اشرف خان سپورٹس کمپلیکس میں ادا کی گئی، سرکردہ شخصیات، حکومتی عہدیداران اور دیگر مکاتب فکر کی شرکت

کوٹ متے خان میں سپرد خاک کیا گیا، جے کے پی پی کی تین روز کیلئے سیاسی سرگرمیاں معطل، اہم شخصیات کا اظہار تعزیت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز، صباح نیوز) آزاد کشمیر کے بانی صدر غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کے فرزند اور عظیم کشمیری رہنما سردار خالد ابراہیم کے حقیقی بھائی سردار فاروق ابراہیم کو آبائی قبرستان کوٹ متے خان راولاکوٹ میں سپرد خاک کر دیا گیا، گزشتہ روز جمعرات کو ان کی نماز جنازہ خان اشرف خان اسٹیڈیم میں ادا کی گئی جس میں سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان وزراء حکومت سردار محمد حسین خان، چوہدری رفیق نیئر، (بقیہ 53 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: آزاد جموں و کشمیر کے بانی صدر سردار محمد ابراہیم خان کے فرزند سردار فاروق ابراہیم خان کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے۔

راولاکوٹ: امیدوار برائے کونسلر میونسپل کارپوریشن آفتاب حسرت کی سابق صدر سردار یعقوب سے ملاقات

راولپنڈی میں تحریک انصاف کا دھرنا چوتھے روز بھی جاری، شہریوں کو شدید مشکلات

مری روڈ سمیت 5 اہم شاہراہوں پر مظاہرین نے احتجاجی کیمپ قائم کر رکھے ہیں، مصروف شاہراہ شمس آباد سے مکمل بند رہی

متبادل کے طور پر مین پشاور روڈ، ویسٹریج، چوہڑ چوک، ماربل فیکٹری روڈ، گولڑہ موڑ، سری نگر ہائی وے استعمال کیا جا سکتا ہے

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی میں تحریک انصاف کا دھرنا چوتھے روز میں بھی جاری رہا جب کہ اس وجہ سے راستے بند ہونے سے شہریوں کو شدید پریشانی اور ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی مری روڈ سمیت 5 اہم شاہراہوں پر مظاہرین نے احتجاجی کیمپ قائم کر رکھے ہیں۔ اہم اور سب سے زیادہ استعمال ہونے والی شاہراہ شمس آباد سے مکمل بند رہی جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا (بقیہ 36 صفحہ 03 پر)

چیف سیکرٹری عثمان چاچڑ کی زیر صدارت سپورٹس فیسٹیول اجلاس

فیسٹیول میں گنگا چوٹی، پیر چناسی اور اڑنگ کیل میں منعقد کئے جائیں گے

مظفرآباد (پی آئی ڈی) چیف سیکرٹری آزاد کشمیر محمد عثمان چاچڑ کی زیر صدارت تیسرے ونٹر سپورٹس فیسٹیول 2022-23 کے حوالہ سے اجلاس منعقد ہوا۔ ونٹر سپورٹس فیسٹیول 25 جنوری سے 04 فروری 2023 تک جاری رہے گا۔ فیسٹیول میں باغ گنگا چوٹی، پیر چناسی مظفرآباد اور اڑنگ کیل میں سپورٹس ایونٹ منعقد ہوں گے۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری (جنرل) (بقیہ 44 صفحہ 03 پر)

رسولؐ نے راستے بند کرنے کے عمل کو شیطانی قرار دیا، فائز عیسی

بنیادی حقوق متاثر کر کے آزادی اظہار کا حق استعمال نہیں کیا جا سکتا

اسلام آباد (صباح نیوز) سڑکوں اور راستوں کی بندش پر سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس قاضی فائز عیسی نے کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے راستے بند کرنے کے عمل کو (بقیہ 38 صفحہ 03 پر)

خواتین کو بااختیار بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، شازیہ مری

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ شازیہ مری نے کہا ہے کہ پاکستان میں خواتین (بقیہ 37 صفحہ 03 پر)

انصاف کی فراہمی میں وکلاء کا کردار اہمیت کا حامل ہے، سردار عتیق

قانون کی حاکمیت نہ ہو تو معاشروں میں جنگل کا قانون لاگو ہوتا ہے

مظفرآباد (صباح نیوز) آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے قائد و سابق وزیر اعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا ہے کہ ملک میں قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی میں وکلا برادری کا کردار مرکزی اہمیت کا حامل ہے وکلا کی قیادت اعزاز کے ساتھ ساتھ بھاری ذمہ داری بھی ہے (بقیہ 54 صفحہ 03 پر)

عمران خان کی وجہ سے فساد، انتشار اور نفرت پھیلی ہوئی ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ عمران خان راستے بند کر کے کیا مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں؟۔ ایک بیان میں مریم اورنگزیب نے (بقیہ 55 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: سابق وزیر اعظم سردار عتیق کے ہمراہ قاضی مسعود شریف، قاضی نثار کی تصویر

قاسم سماجی تنظیم دریک کے زیر اہتمام روزنامہ "کشمیر دھرتی" کی 12 ویں سالگرہ کی تقریب

تقریب کا اہتمام دھرتی آفس میں کیا گیا، کیک بھی کاٹا گیا، سابق ایڈمنسٹریٹر ذاکر خان سمیت دیگر مہمانوں کی شرکت

کامیاب اشاعت کے 12 سال مکمل کرنے پر پوری ٹیم کو مبارکباد، کامیابیوں کا سفر جاری رکھنے کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) قاسم سماجی تنظیم دریک کے صدر قاضی نثار احمد کی جانب سے "روزنامہ کشمیر دھرتی" کی 12 ویں سالگرہ کی مناسبت سے کشمیر دھرتی کے آفس میں کیک کاٹنے جانے کی ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس تقریب کے دوران کشمیر دھرتی کو اشاعت کے 12 (بقیہ 39 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: قاسم سماجی تنظیم دریک کی طرف سے کشمیر دھرتی کی سالگرہ کے تسلسل میں کیک کاٹنے کی تقریب، قاضی نثار، سردار ذاکر، قاضی مسعود، نیاز تبسم بھی موجود

توہین الیکشن کمیشن، عمران خان و دیگر نے التوا مانگ لیا

پی ٹی آئی کی التوا کی درخواست، سماعت 22 نومبر تک ملتوی

اسلام آباد (صباح نیوز) تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان، اسد عمر، اور فواد چوہدری نے توہین چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کیس میں التوا مانگ لیا گیا۔ جمعرات کو عمران خان، اسد عمر، اور فواد چوہدری کے خلاف توہین چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کیس کی سماعت ممبر نثار درانی کی سربراہی میں چار رکنی بینچ نے کی۔ کارروائی کے دوران معاون وکیل نے عمران خان، اسد عمر اور فواد چوہدری (بقیہ 43 صفحہ 03 پر)

چیئرمین سینیٹ نے مصطفیٰ نواز کھوکھر استعفیٰ منظور کر لیا

نشست خالی ہونے کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین سینیٹ میر محمد صادق سنجرانی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما مصطفیٰ نواز کھوکھر کا سینیٹ رکنیت سے استعفیٰ منظور کر لیا۔ چیئرمین سینیٹ کی جانب سے استعفیٰ منظور کرنے کے بعد سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے مصطفیٰ نواز کھوکھر کی سینیٹ نشست خالی (بقیہ 42 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: ڈی جی آئی ٹی بورڈ ڈاکٹر خالد رفیق آئی ٹی سنٹر راولاکوٹ کے دورہ کے موقع پر سٹاف اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

پارٹی ٹکٹ میرا حق تھا مجھے نظر انداز کیا گیا، ہر صورت الیکشن میں حصہ لوں گا، سردار نوید عارف

میرے ساتھ ووٹرز کی ایک بڑی تعداد تھی جن کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑ سکتا تھا اور انہی کے اسرار پر الیکشن میں آیا

پارٹی قیادت کو بھی انٹرویو میں کہا کہ جس امیدوار کو آپ ٹکٹ دے رہے ہیں میں اس سے زیادہ عوامی حمایت کا حامل ہوں

میری وارڈ بہت سی بنیادی اور اہم سہولیات سے تین دہائیوں سے محروم ہے جس کی وجہ سے الیکشن میں آنے کا فیصلہ کیا ہے

برادری، قبیلائی ازم اور تعصب کی سیاست کو مسترد کرتے ہوئے لوگ اہلیت، قابلیت اور صلاحیت کی بنیاد پر انتخاب کریں

جن لوگوں نے 3 دہائیوں سے بلدیاتی الیکشن نہیں کروائے اور انہیں ہم اسمبلیوں میں بھیجتے رہے انہیں اب مسترد کرنا ہوگا

تمام لوگوں سے گزارش ہیکہ نفرت، انا، تعصب کو چھوڑ کر اجتماعی مفادات کو ترجیح دیں، "کشمیر دھرتی ڈیجیٹل" کو خصوصی انٹرویو

راولاکوٹ (محمد عمر خیام سے) بلدیاتی الیکشن 2022 کے حوالہ سے میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ کی وارڈ 21 دریک ڈھوک کہالوٹیاں سے بطور کونسلر آزاد امیدوار کی حیثیت سے الیکشن میں حصہ لینے والے سردار نوید عارف خان نے کہا ہیکہ میں نے آزاد حیثیت میں الیکشن لڑنے کا فیصلہ اس لئے کیا کہ میں پی ٹی آئی کا کارکن تھا اور جماعت کو ٹکٹ کیلئے باضابطہ درخواست بھی دی لیکن میری حق تلفی کرتے ہوئے ٹکٹ دوسرے امیدوار کو دے دیا گیا، (بقیہ 40 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: آزاد امیدوار برائے کونسلر میونسپل کارپوریشن سردار نوید عارف کشمیر دھرتی ڈیجیٹل کو انٹرویو دیتے ہوئے

دھرنوں سے سڑکوں کی بندش، انتظامیہ لاہور ہائیکورٹ طلب

شہر میں تعلیمی سرگرمیاں معطل ہیں اور کاروبار مفلوج ہو کر رہ گیا

راولپنڈی (صباح نیوز) لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ کے جسٹس مرزا وقاص رؤف نے راولپنڈی میں پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے تین روز سے جاری احتجاجی دھرنوں اور سڑکوں کی بندش کے خلاف دائر درخواست پر کمشنر، ڈپٹی کمشنر، سی پی او اور سی ٹی او راولپنڈی (بقیہ 41 صفحہ 03 پر)



Editorial
ایڈیٹوریل

سمندر سے گہرے رشتے؟

پاک چین تعلق کی ابتدا کیسے ہوئی۔ "ہمالیہ سے بلند اور سمندر سے گہرے" اس رشتے کی عقلی اور منطقی بنیادیں کیا ہے؟ گزشتہ کسی کالم میں عرض کیا تھا کہ انیس سو انچاس میں امریکہ چیرمین ماؤ کی قیادت میں برپا ہونے والے چینی انقلاب کو جنوبی ایشیا کے لیے خطرہ سمجھتا تھا۔ وہ اس خطرے کے مقابلے کے لیے بھارت اور پاکستان کے ساتھ اتحاد کا خواں تھا۔ مگر بھارت اور امریکہ کے درمیان چینی انقلاب پر بنیادی اختلاف پایا جاتا تھا۔ یہ اختلاف دو سوالوں پر تھا۔ پہلا سوال یہ تھا کہ یہ چینی انقلاب دراصل ہے کیا؟ اور دوسرا سوال یہ تھا کہ اس انقلاب کی وجہ سے امریکی مفادات یا جنوبی ایشیا کو کیا خطرات درپیش ہو سکتے ہیں؟ امریکہ کا یہ موقف تھا کہ یہ انقلاب ماسکو کی ہدایات اور رہنمائی میں برپا ہوا ہے۔ اور اس انقلاب کے ذریعے ماسکو سوشلسٹ انقلاب کو پاکستان اور بھارت تک پھیلانے کی کوشش کرے گا۔ دوسری طرف پنڈت جواہر لال نہرو بھارت کی خارجہ پالیسی ایشین ازم کے اردگرد ترتیب دے رہے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ مغربی نوآبادیاتی نظام اور غلبہ ہی دراصل ایشیا میں بے چینی کی بڑی وجہ تھا۔ چینی انقلاب کے بارے میں ان کا تجزیہ تھا کہ چینی سوشلزم کی جڑیں دراصل ایشین نیشنلزم میں پیوست ہیں۔ اس نقطہ نظر سے نہرو کے نزدیک یورپی نوآبادیاتی نظام ایشیائی عوام کے لیے چینی کمیونزم سے کئی زیادہ خطرناک تھا۔ ان کو یقین تھا کہ چین میں جو بھی حکومت آئے گی، وہ ایشیائی قوم پرستانہ رجحانات کی حامل ہوگی، اور وہ ماسکو کی بالا دستی اور ڈکٹیشن قبول نہیں کرے گی۔ یہ نہرو کی حیرت انگیز پیشن گوئی تھی، جو وقت آنے پر درست ثابت ہوئی۔ انقلاب کے فوراً بعد ہی چینی کمیونسٹ پارٹی کے بعض رہنماؤں نے ماسکو کی پالیسیوں پر اعتراض شروع کر دیا، جو بالآخر دونوں ملکوں کے درمیان مکمل اختلاف پر ختم ہوا۔ پنڈت نہرو اپنے تجزیے کی روشنی میں چینی انقلاب کو خطرہ نہیں سمجھتے تھے، اور اس انقلاب کے خوف کے زیر اثر امریکہ کے اتحادی بننے سے گریز کر رہے تھے۔ اس وقت ایشیا میں صورت حال یہ تھی کہ نہرو سمیت کئی ایشین قوم پرست ایشیا کے بارے میں امریکی پالیسیوں سے ناخوش تھے۔ ان کا خیال تھا کہ اس خطے میں امریکی پالیسیاں یہاں کے عوام کی آزادی کی لڑائی میں عدم دلچسپی یا پھر کھلے عام یورپین نوآبادیاتی قوتوں کی حمایت پر مبنی رہی ہیں۔ دوسری طرف ایشیا اور مغرب کے تعلق کے بارے میں پاکستان کا رویہ بھارت سے بہت مختلف تھا۔ پاکستان کا قیام ہی ایشیا کے ایک علاقے یعنی ہندوستان کی تقسیم کی بنیاد پر تھا، اس لیے پاکستانی رہنماؤں کے ہاں سفید فام اقوام کے خلاف کسی قسم کے علاقائی اتحاد یا علاقائی یکجہتی کا کوئی تصور نہیں تھا۔ پنڈت جواہر لال نہرو مغربی غلبہ کے خلاف جو ایشیائی اتحاد قائم کرنے کے خواہشمند تھے، اس سے پاکستانی رہنماؤں کو کوئی ہمدردی نہیں تھی۔ وہ نہرو کے خیالات اور عزائم کو مشکوک نظروں سے دیکھتے تھے۔ پنڈت جواہر لال نہرو کے ساتھ مل کر کوئی اتحاد بنانے کے بجائے پاکستانی رہنما خود بھارت کو ہی اپنے لیے سب سے بڑا خطرہ تصور کرتے تھے۔ اس لیے اس مسئلے پر پاکستانی رہنماؤں نے بار بار یہ واضح کیا کہ پاکستان نہرو کے اس خیال سے اتفاق نہیں کرتا کہ امریکہ یا یورپ ایشیا کے لیے کوئی خطرہ ہے۔ اور پاکستان اس بات پر بھی یقین نہیں رکھتا کہ اسے کسی علاقائی اتحاد یا عالمی غیر جانب دار تحریک میں شامل ہو کر سرد جنگ کا حصہ بننے سے انکار کر دینا چاہیے۔ اس بات کی وضاحت کرتے ہوئے پاکستان کے وزیر اعظم لیاقت علی خان نے انیس سو انچاس میں کہا کہ دنیا دو بلاک میں تقسیم ہو رہی ہے۔ ایک بلاک ان لوگوں کا ہے، جو کمیونزم کی حمایت کر رہے ہیں، دوسرا بلاک ان لوگوں کا ہے، جو اس کی مخالفت کر رہے ہیں، اور قاہرہ سے لے کر کراچی تک مسلمان دنیا دوسرے بلاک میں فٹ ہوتی ہے۔ اس سوچ کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے آگے چل کر پاکستان کے وزیر خارجہ نے کہا "میرے نزدیک غیر جانب داری' فینس سیٹنگ" کی طرح ہے۔ کسی ملک کا دو بڑی طاقتوں کے درمیان اس امید کے ساتھ غیر جانب دار رہنا کہ وقت آنے پر وہ اس کو ایک دوسرے سے بچانے کے لیے اس کی مدد کریں گی ایک احمقانہ خیال ہے۔ تاریخ اس طرح کے ملکوں کے دردناک انجام کی گواہ ہے۔ بھارت کے مقابلے میں پاکستان کے مفاد کا یہ تقاضا ہے کہ وہ بھارت سے زیادہ طاقت ور قوت کے ساتھ اتحاد قائم کرے، اور اس مقصد کے لیے مغرب سے بہتر کوئی آپشن دستیاب نہیں ہے۔ پاکستانی لیڈرشپ کی سوچ بالکل واضح تھی کہ سرد جنگ میں مغرب قوتوں کا اتحادی بن کر ان کا ساتھ دیا جائے۔ دوسری طرف ماضی کے نوآبادیاتی نظام کے تلخ تجربے کی روشنی میں نہرو ہر اس چیز کے بارے میں مشکوک تھا، جس کی کسی طرح بھی نوآبادیاتی نظام سے کسی قسم کی کوئی مماثلت ہو۔ اس تجربے اور احساسیت کی بنیاد پر نہرو نے مشرقی ایشیا میں امریکی مداخلت پر کھلے عام تنقید کی۔ انڈونیشیا میں ڈچ کاروائیوں پر بھارت اور امریکہ کے درمیان اس وقت سخت الفاظ کا تبادلہ ہوا، جب ڈچ فورسز نے اقوام متحدہ کے تحت قائم کیے گئے امن کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سیز فائر لائن پار کی اور انڈونیشیا کی ریپبلک آرمی کے رہنماؤں کو گرفتار کر لیا۔ اس واقعہ کے خلاف یوں تو ایشیا کے کئی قوم پرست لیڈروں نے آواز بلند کی، مگر ان میں سب سے اونچی آواز جواہر لال نہرو کی تھی۔ اس نے کہا کہ نیدرلینڈ مرتے ہوئے نوآبادیاتی نظام کو زندہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے، اور عوام کے خلاف مسلح دستوں کو استعمال کر رہا ہے۔ میرل نے اپنی کتاب "انڈو امریکن تعلقات" میں اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھا کہ پنڈت نہرو نے واضح طور کہا کہ ڈچ جارحیت میں امریکہ ملوث ہے، اور نیدرلینڈز کی جارحیت کو امریکی آشیرباد حاصل ہے۔ اس صورت حال کا تجزیہ کرتے ہوئے کئی ایک تجزیہ کاروں نے لکھا کہ امریکہ نہرو کے سخت ردعمل پر حیران رہ گیا۔ ان کے خیال میں یہاں اقوام متحدہ امن قائم کرنے کی کوشش کر رہا تھا، اور امریکی اس کوشش میں اس کی مدد کر رہے تھے۔ آگے چل کر نہرو نے اپنا رویہ نرم کرنے کی کوشش کی۔ جنوری انیس سو انچاس کی نیو دہلی کی کانفرنس میں نہرو نے امریکہ کی طرف دوستانہ رویہ اپنایا۔ اس کانفرنس میں انہوں نے نیدرلینڈ پر پابندی لگانے کا مطالبہ نہیں دہرایا، اور نہ ہی انہوں نے اس کانفرنس میں امریکہ پر تنقید کرتے ہوئے حسب سابق ایک آزاد ایشین بلاک کے قیام کا مطالبہ اٹھایا۔ اس وقت کے سیکریٹری آف سٹیٹ ایچی سن نے مسرت کا اظہار کیا کہ کانفرنس میں مغرب دشمن بلاک کی تشکیل کی بات نہیں ہوئی، اور اس نے ہیری ٹرومین انتظامیہ کی اس خواہش کو دہرایا کہ وہ بھارت کے ساتھ قریبی تعلقات کے خواہشمند ہیں۔ دوسری طرف چین کے سوال پر پاکستان کی پوزیشن واضح تھی۔ پاکستان کی لیڈر شپ نظریاتی اعتبار سے انقلاب چین اور ماو کے قوم پرستانہ سوشلسٹ نظریات کی سخت خلاف تھی، مگر اس کا خیال تھا کہ اس اختلاف کے باوجود وہ چین کے ساتھ گہرے دوستانہ تعلقات قائم کر سکتے ہیں۔ اور چین بھارت کے خلاف انکا ایک قریبی حلیف بلکہ سٹریٹجک پارٹنر بن سکتا ہے۔ چین کو لے کر پاکستان کی یہ پالیسی بڑی حد تک کامیاب رہی، جس کا جائزہ آئندہ سطور میں پیش کیا جائے گا۔

سرسید کشمیر، بابائے پونچھ کرنل خان محمد خان

خطہ سدھنوتی (پونچھ) میں سیاسی جذبہ اور احساس ہمیشہ لوگوں کے دلوں میں موجود رہا ہے۔ اس خطے کے لوگ ہمیشہ جانی و مالی قربانی دیتے رہے ہیں۔ اس کا منظم و عملی مظاہرہ 1832-36ء کے دوران سردار شمس خان، سردار سبز علی خان اور سردار ملی خان جیسے عظیم حریت پسندوں کی قیادت میں اپنی کھالیں کھنچوا اور گردنیں کٹوا کر کیا۔ یہ ولولہ آزادی سکھوں کی صوبہ سرحد میں 1832ء کے دوران شکستوں سے پیدا ہوا تھا۔ رنجیت سنگھ نے صوبہ سرحد میں مہمات ملتوی کر کے علاقہ پونچھ میں شورش کو فوری دبانے کا حکم دیا۔ گلاب سنگھ ایک بڑے لشکر کے ساتھ پونچھ پر حملہ آور ہوا اور دو اہم مراکز منگ اور پلندری کو اپنی یلغار کا ہدف بنایا اور بے گناہ عوام کا بے دریغ قتل عام کیا۔ ڈوگرہ شاہی کا دور پونچھ کی عوام کے لئے زیادہ مصیبت اور مفلسی کا دور تھا بالخصوص سدھن قبیلے کے لئے، کیونکہ یہی وہ قبیلہ تھا جس نے ڈوگرہ حکمران گلاب سنگھ سے ٹکر لی تھی۔ یہ دور پونچھ کا وہ دور تھا جس میں اہل پونچھ اپنی زندگیوں کو جبر و تشدد، ظلم و افلاس میں گزارنے پر مجبور تھے کہ اللہ نے ان کے درمیاں مرد حق و مجاہد خان محمد خان کی شکل میں پیدا کیا۔ جن کی طویل جدوجہد کے بعد 1947ء میں کشمیر کا یہ خطہ آزادی سے ہمکنار ہوا۔ بابائے پونچھ کرنل خان محمد خان المعروف خان صاحب 1882ء میں چھے چھن ضلع سدھنوتی میں پیدا ہوئے۔ آپ تعلیم کے بعد برطانوی فوج میں بھرتی ہوئے اور پھر ریٹائرڈ ہونے بعد ساری زندگی سیاسی و سماجی خدمت اور فلاحی و اصلاحی تحریکوں میں گزری۔ خان صاحب 1932ء میں کشمیر اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور 1946ء تک کئی بار رکن اسمبلی منتخب ہوتے رہے۔ دوسری جنگ عظیم میں انکی مثالی کارکردگی کی بنیاد پر برطانوی حکومت نے انہیں "خان صاحب" کے خطاب سے نوازا۔ 1932ء میں سماجی تنظیم سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کی بنیاد رکھی، جسکا مقصد ریاست میں اعلیٰ تعلیم کا فروغ اور اصلاح معاشرہ تھا۔ وہ ایک نیک، جہاندیدہ عمل کو کردار کے پیکر اور عبادت گزار شخصیت تھے۔ خان صاحب کی جائے پیدائش چھے چھن گاؤں ہے جو آج کل خان صاحب کے نام سے منسوب ہے اور نیا نام خان آباد ہے۔ جو دریائے جہلم کے کنارے آزاد پتن سے تقریباً دس میل کے فاصلے پر ہے۔ خان صاحب کا خاندان لکڑی کی تجارت کرتا تھا۔ ڈوگرہ راج کے قیام کے دوران اہل پونچھ سدھنوتی کا خون بے دریغ بہایا گیا تھا۔

خان صاحب نے اپنی عوامی زندگی کا آغاز سماجی و معاشرتی اصلاح اور عوام کی فلاح و بہبود کے پروگرام کی ترتیب سے کیا۔ آٹا فی گھر سے بطور فنڈ جمع کرنے کی تحریک شروع کی اور پلندری میں تعلیم القران کے نام سے ایک دارالعلوم کی بنیاد رکھی۔ تعلیمی پسماندگی دور کرنے کے لئے انہوں نے سدھن ایجوکیشن کانفرنس کا قیام بھی عمل میں لایا۔ جس کے پلیٹ فارم سے انہوں نے جدوجہد شروع کی اور معاشرے میں رائج فضول رسومات مقدمہ بازی، چائے، تمباکو کے فضول اخراجات کے خاتمے کیلئے سخت جدوجہد کی۔ ڈوگروں کے خلاف جنگ کرنے اور ملک کو آزاد کرانے کے لئے خان صاحب نے پلندری کے مقام پر اعلیٰ آفیسران پر مشتمل ایک وار کونسل قائم کی۔ جس کے وہ خود نگران تھے اور صدر شیر احمد خان تھے۔ وار کونسل کا کام تمام جنگی محاذوں کا کنٹرول حاصل کرنا، فوجیوں کو منظم کرنا، محاذوں پر بھیجنا اور جنگی سامان پہنچانا تھا۔ تحریک آزادی کے عظیم رہنماء بابائے پونچھ کرنل خان محمد خان نے کئی مرتبہ کوٹلی اور راجوری کا سفر کیا۔ اور اکثر جگہوں پر دشمن پر حملے کے وقت موجود رہتے۔ جنگی خدمات کے صلہ میں خان صاحب کو کرنل کا خطاب دیا گیا اور غازی کے خطاب سے بھی نوازا گیا۔ خان صاحب نے تعلیمی، عسکری محاذوں پر خدمات انجام دینے کے بعد 1934ء میں جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی میں بھی عوام کی بھرپور نمائندگی کی۔ خان صاحب غیر معمولی سیاسی بصیرت کے مالک تھے۔ ڈوگرہ راج ختم کرانے، آزاد کشمیر کے علاقہ کو آزاد کرانے اور آزاد کشمیر کی حکومت قائم کرانے میں ان کا کردار اہم تھا۔ 24 اکتوبر 1947ء کو جب آزاد کشمیر کی حکومت سرزمین پلندری میں قائم ہوئی تو خان صاحب ان دنوں جہاد کشمیر میں مصروف عمل تھے۔ اس عظیم جدوجہد میں خان صاحب کے کردار اور قربانیوں کے صلہ میں 1947ء میں فتح و کامیابی ملی۔ اس جنگ میں سدھنوتی کے بہادر لوگوں نے آزاد کشمیر کا بیشتر علاقہ فتح کیا۔ اتنے بڑے دشمن کو شکست فاش دینے میں بابائے قوم کرنل خان محمد خان کی محنت اور راہنمائی کا بہت بڑا عمل دخل تھا اور تحریک آزادی کو مرتب کرنے میں ان کے کارہائے نمایاں سرفہرست ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ جنگ آزادی کا آغاز 1832-36ء کے پر آشوب دور سے ہی ہو چکا تھا۔ جب سدھنوتی کے سرداروں نے ڈوگرہ حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ جس کے نتیجہ میں 40 ہزار کی آبادی میں سے 15 ہزار افراد نے جام شہادت نوش کیا۔ سدھنوتی کے لوگ پسماندہ مگر بہادر، محنتی اور جفاکش تھے۔ صدی کے آغاز سے ہی لوگ انڈین آرمی میں بھرتی ہونا شروع ہو گئے تھے۔ تحصیل سدھنوتی میں جنگ آزادی کا آغاز 12 اکتوبر کو چھن پتن جس کا موجودہ نام آزاد پتن ہے سے ہوا۔ جہاں کیپٹن حسین خان شہید کے زیر ہدایت راجہ سخی دلیر اور ان کے ساتھیوں نے اس وقت ڈوگرہ فوجوں پر فائر کھولا۔ جب وہ پٹرول چھڑک کر پل نذر آتش کر رہے تھے۔ راجہ سخی دلیر اور ان کی پارٹی کی فائرنگ سے پل پر متعین ڈوگرہ فوج کا دستہ خوف زدہ ہو گیا اور یہ خیال کرتے ہوئے کہ ان پر بڑا حملہ شروع ہو گیا۔ پلندری کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے وہ رات کو بدحواسی اور سخت گھبراہٹ کے عالم میں پلندری پہنچے اور وہاں کے ڈوگرہ کمانڈر کو حملے کی اطلاع دی آخر کار ڈوگرہ فوج کو پسپائی اختیار کرنی پڑی۔ یہ خان صاحب کی کمال ذہانت، فہم و فراست اور دور اندیشی کا نتیجہ تھا کہ انہوں نے اس خطے کے ہزاروں لوگوں کو برطانوی فوج میں بھرتی کروایا۔ ان لوگوں نے پہلی اور دوسری جنگ عظیم میں نہ صرف حصہ لیا بلکہ بے پناہ عسکری صلاحیتوں اور شجاعت اور بہادری کا مظاہرہ کیا۔ یہی وہ تربیت یافتہ لوگ تھے جنہوں نے 1947ء میں ڈوگرہ افواج کے ساتھ لڑ کر آزاد کشمیر کا یہ خطہ آزاد کروایا۔ خان صاحب کو یہ اعزاز بھی حاصل رہا کہ انہوں نے اس خطہ پونچھ کی دو مرتبہ جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی میں نمائندگی کی۔ اور جب 1947ء میں ڈوگرہ کے خلاف تحریک آزادی شروع ہوئی تو وہ پیرانہ سالی کے باوجود جنگ آزادی میں خود شریک ہوئے۔ بابائے پونچھ 11 نومبر 1961ء کو انتقال فرما گئے۔ خان صاحب ہمیشہ لوگوں میں صلح جوئی، بھائی چارگی، محبت اور یگانگت کا درس دیتے رہے۔ وہ ان کے کامیاب مہم سے خطے کے تمام نوجوان اور عمر رسیدہ لوگوں نے نسوار کا استعمال چھوڑ دیا۔ خان صاحب کرنل خان محمد خان جیسی شخصیات قوموں کی زندگی میں چراغ راہ کی حیثیت بھی رکھتی ہیں اور نشان منزل بھی ہوتی ہیں۔ خان صاحب سستی شہرت کے کبھی طالب نہ رہے۔ انہوں نے قومی خدمت اور ملی تگ و دو کے لیے سیاست کی بجائے علم اور اصلاح معاشرہ جیسے دشوار لیکن پائیدار شعبوں کا انتخاب کیا۔ پونچھ اور اہل پونچھ کی ترقی کے ہر میدان میں خان صاحب کی شخصیت کا اثر اولین محرک نظر آتا۔ انہوں نے تعلیم کی بنیادی اہمیت کا اندازہ کرتے ہوئے تعلیم کے فروغ کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی اور ایک ایسے متوازن اور موثر نظام تعلیم کی تشکیل کی جس کے مثبت اثرات پونچھ میں ہی نہیں بلکہ پورے آزاد کشمیر میں مینار نور بن کر روشن ہوئے۔ پونچھ کی ماضی قریب کی پر آشوب تاریخ سے واقفیت کے بغیر نہ تو خان صاحب کی پر عزم کاوشوں، بے لوث خدمات اور قابل صد ستائش کارناموں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے اور نہ ہی "آپ راجی اور ڈوگرہ شاہی،، کے طویل دور میں عوام پر ظلم و استبداد کے ہولناک واقعات اور حالات سے آگاہی ہو سکتی ہے۔ خان صاحب نہ صرف آزاد کشمیر بلکہ مملکت پاکستان کے ایک قومی اثاثہ تھے۔ غرض خطہ پونچھ اور سدھنوتی کے عوام نے تحریک آزادی کشمیر میں گراں قدر خدمات انجام دیں۔ ہر گھر سے کسی نہ کسی کو شہادت نصیب ہوئی، بہادری اور طاقت کا عملی مظاہرہ کیا۔ جس کی بدولت خطہ کشمیر آزاد ہوا۔ سدھنوتی میں جدوجہد آزادی کو منظم کرنے میں بابائے پونچھ خان محمد خان کا کردار ناقابل فراموش ہے۔ انہوں نے قومی خدمت اور ملی تگ و دو کے لئے سیاست کے بجائے علم و اصلاح معاشرہ جیسے شعبوں کا انتخاب کیا۔ پونچھ اور اہل کشمیر کی ترقی کے ہر میدان میں بابائے قوم کی شخصیت کا اثر اولین محرک نظر آرہا ہے۔ اصلاح معاشرہ میں بھی بابائے قوم درد دل کے ساتھ مصروف رہے۔ ان کی کوششوں سے لوگوں کو متعدد تباہ کن رسومات سے نجات ملی۔ سیاسی میدان میں بھی خان صاحب نمایاں رہے۔ بابائے پونچھ کی مختلف شعبہ ہائے جات میں خدمات کا احاطہ کرنا مشکل کام ہے۔ وہ ہر میدان میں نمایاں رہے اور اب بھی بابائے پونچھ اپنے کردار اور کارناموں کی شکل میں کشمیر کا یہ آزاد خطہ ہمارے سامنے موجود ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

کرنل خان محمد خان (خان صاحب) خطہ پونچھ کی ایک عظیم تاریخی شخصیت

پروفیسر خالد اکبر

خان صاحب کرنل خان محمد خان خطہ پونچھ بلکہ تاریخ کشمیر کا وہ عظیم کردار ہیں جو اپنی ملی، سماجی، سیاسی خدمات اور اپنی بے بہا بصیرت دوراندیشی اور تدبر کی وجہ سے تا ابد روشنی کا مینارہ بن کر خط کشمیر کے لوگوں کے لیے آئیڈیل اور رول ماڈل کا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ آپ ایک ایسی ہمہ جہت شخصیت تھے جن کا کردار اور کارہائے نمایاں کئی تحقیقی مطالعوں کے متقاضی ہیں۔ ایسے میں ان پر ایک مضمون محض ان کی شخصیت کی ایک جھلک۔۔ بلکہ دھندلی سی جھلک کہلا سکتا ہے۔ شخصیت نگاری ایک فن ہے جس کے لیے تکنیکی طور پر درست صلاحیت کے ساتھ ساتھ مطلوبہ کردار کے ساتھ براہ راست تال میل اور جانکاری ہو تو اس کے نقش اول کو بنانے کی سعی کرنا کسی حد تک شخصیت نگار کو اپنے مقصد میں ظفریاب ہونے کا حوصلہ اور ترغیب فراہم کرتا ہے۔ اس باب میں اپنا دامن تو بالکل تہی لگتا ہے۔ ایک ہمہ جہتی شخصیت کے حوالے سے دستیاب علمی سرمایہ سے گزرنے کے بعد جو میرا خام تاثر ان کی گونا گوں شخصیت کے بارے میں بنا اس کی ایک دھندلی سی جھلک اور ادھورہ نقش SKETCH کو زیرنظر مضمون میں پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ خانصاب 1882ء میں تحصیل سدھنوتی کے موضع چھے چھن میں ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئے۔ اس عہد میں پونچھ میں شخصی راج اور دیگر اسباب کی وجہ سے تعلیمی سہولتوں کا فقدان تھا۔ اس لیے ابتدائی مذہبی تعلیم کے بعد آپ نے پنڈی کہوٹہ سے مزید تعلیم حاصل کی۔ ابتدائی تعلیم کے بعد وہ مزید باقاعدہ تعلیم جاری نہ رکھ سکے چونکہ جنگ عظیم اول کا زمانہ تھا، فوج کی طرف جانے کا رجحان عروج پر تھا۔ سو خان صاحب نے بھی سپاہیانہ زندگی کا آغاز کیا اور جنگی محاذ پر کئی کارہائے نمایاں سرانجام دیئے۔ بعدازاں فوجی نوکری سے سبکدوش ہو کر وہ ڈوگرہ پولیس میں انسپکٹر بھی ہوئے۔ لیکن کچھ اپنی حساس طبعیت اور کچھ راجہ کے شخصی راج اور عوام پر ظلم و جبر و ناروا سلوک کے خلاف احتجاجاً استعفی دے کر اپنی بقیہ زندگی ملک و ملت کی ترقی اور تعمیر کی خاطر وقف کر دی۔ آپ بارہ سال تک بلامقابلہ متحدہ کشمیر کی اسمبلی کے ممبر منتخب ہو کر خطہ پونچھ کے پسماندہ عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی کے لیے سرگرداں رہے۔ اس وقت کی حکومت سے خان صاحب اور ملت اسلامیہ کشمیر کی طرف سے غازی کشمیر کا لقب پانے والی ایسی عہد ساز شخصیات برسوں بعد پیدا ہوتی ہیں۔

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پے روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

غیور باسیوں کی سرزمین پونچھ کا خطہ پورے برصغیر میں سب سے پس ماندہ اور ناخواندہ شمار کیا جاتا تھا۔ ملازمتوں اور کاروبار پر ہندوؤں یا بیرون ریاست افراد کی اجارہ داری تھی۔ یہاں کے نوجوان جب حصول ملازمت کے لیے دیگر جگہوں پر جاتے تو تعلیم کی کمی کے سبب کم تر ملازمتیں ہی ان کا مقدر ٹھہرتی۔ وہ سالا سال تک بغیر ترقی کے رہتے۔ خان صاحب جیسے دیدہ دل اور جان دیدہ شخصیت نے اس تلخ حقیقت کا بہت پہلے ادراک کر لیا تھا۔ وہ جانتے تھے کہ جب تک پونچھ کے لوگوں کو تعلیم، ہنر و فنون سے روشناس نہیں کرایا جائے گا تو اس مخدوش صورتحال کو نہیں بدلا جا سکتا۔ وہ جدید تعلیم و تدریس کی مبادیات کو جاننے کی غرض سے 1928ء میں علی گڑھ بھی گئے۔ ان کا یہ سفر ایک طرح کا Exposure وزٹ تھا Exclusivly اس نئے تعلیمی اور تدریسی نظام کار کے بارے میں مکمل جانکاری حاصل کرنے کے لئے کیا گیا۔

محمد الدین فوق کے مطابق یہ Visit انہوں نے پونچھ ہجیرہ کے ایک باسی محمد عبداللہ، جو اس وقت وہاں اکاؤنٹنٹ کے عہدہ پر فائز تھے کے توسل سے کیا۔ آپ نے نصاب سازی سے لے کر تعلیم و تدریس کے جدید طریقوں تک مکمل معلومات حاصل کی؛ اور اسی طرح کے نظام تعلیم کے قیام کے لیے اسمبلی کے اندر اور اپنے قبیلے کے لیے ذاتی فلاحی حکمت عملی خصوصاً "سدھن ایجوکیشن کانفرس" کا پلیٹ فارم قائم کر کے اسے شرمندہ تعبیر کرنے کی پوری سعی بھی کی۔ اس باب میں ان کا ایک خط جو انھوں نے وہاں مقیم ایک طالب علم کو لکھا، ان کی فکر رسا اور تڑپ کا بھرپور عکاس ہے:

" آپ خوش قسمت ہیں جو اس درس گاہ میں زیر تعلیم ہیں۔ مجھ پر علی گڑھ کے انتظامات، اعلیٰ اخلاق اور تدریس کے نظام کا اس قدر اثر ہوا کہ دن رات خیال علی گڑھ میں ہی رہتا ہے۔ کاش وہ عمر جو گذر چکی پھر واپس ملے تو میں علی گڑھ میں پہنچ کر طالب علم بننے کی کوشش کروں لیکن یہ کب ہو سکتا ہے۔"

خان صاحب کا تعلیم کے بارے میں Vision کو تمام محققین، ماہرین تعلیم اور اہل دانش کے لیے Significant اہمیت کا حامل ہے۔ انگریزوں کی برصغیر میں آمد، فارسی زبان کی بے دخلی، علم اور فیوض کے خزینوں سے محرومی، انگریزی زبان کی ترویج اور نئے علوم کے نفوذ سے برصغیر کے اہل علم، مسلمان دانشوروں اور مفکرین خصوصاً علماء کرام کے اندر شدید تحفظات اور تشکیک آمیز رویوں نے جنم لیا۔ جس کا کاؤنٹر کرنے کے لیے مذہبی طریقہ تعلیم کو ہی واحد حل سمجھا گیا۔ یوں برصغیر کی دو مشہور عظیم درسگاوں: دیوبندی اور بریلوی مکاتب کی بنیادیں ڈالی گئی۔ ایسے میں سر سید احمد خان اور ان جیسے دیگر اکابرین کو جو جدید تعلیم کے علمبردار تھے کو شک اور اغیار کے گماشتوں کی شکل میں دیکھے جاتا تھا۔ طوائف الملوکی کے ایسے حالات میں ایک بہت ہی دور افتادہ بلکہ stone age کے طرز زندگی کے حامل خطہ پونچھ میں ہم گیر Inclusive نظام تعلیم کی بات کرنا: جو کلاسیکل اور جدید علوم کا امتزاج ہو کوئی معمولی بات نہیں تھی۔ یاد رہے جب دنیا کے ترقی یافتہ ممالک خصوصاً امریکہ جیسے ملک میں inclusive تعلیم: جس میں مرد اور خواتین دونوں شامل ہوں، کی لڑائیاں لڑیں جا رہی تھیں۔ کشمیر کی اسمبلی کے اندر اور باہر اپنے عام خطبات اور تقاریروں میں ایسی باتوں کا مکرر اظہار ان کی دور اندیشی اور بصیرت کا بھرپور غماز تھا۔ اس حوالے سے ان کو پونچھ کے سرسید کے لقب سے افراز کرنا بالکل بجا اور حقیقت پر مبنی ہے۔ آج پونچھ جولٹر یسی اور علم و فن میں سب سے آگے ہے تو اس کی جڑیں اسی عہد رفتہ میں ملتی ہیں اور یقیناً اس کا سہرا خانصاب کی اُسی مساعی جمیلہ کو جاتا ہے۔ مرحوم فتح محمد کریلوی کے مطابق ان کا ایک اہم کارنامہ اپنے قبیلے کے لوگوں کو فوج میں بھرتی کروانا بھی تھا۔ اس کا فوری فائدہ بے روزگاری کے خاتمہ اور اہم اور قابل قدر فائدہ اس خطہ کی آزادی کی صورت میں ظہور پزیر ہوا چونکہ یہی وہ تربیت یافتہ سپاہی اور مجاہد تھے جنھوں نے مظفرآباد سے اکھنور تک کا علاقہ ڈوگرہ فوجوں سے آزاد کرایا۔ اپنے دیرینہ تعلق، جو پولیس انسپکٹری سے کشمیر کی اسمبلی تک محیط ہے کا ذکر کرتے ہوئے وہ آگے بیان کرتے ہیں: پونچھ میں بالعموم اور سدھن قبیلے میں بالخصوص خانصاب جیسا عظیم لیڈر آئندہ صدیوں میں بھی نہ پیدا ہو سکے گا۔ ان کے ہم دم، تحریک آزادی کے ایک مجاہد سردار مرحوم مختار خان ایڈووکیٹ کے بقول وہ ہرفن مولا تھا۔ زراعت کے طریقے بتا رہے ہوتے تو شعبہ زراعت کے ماہر لگتے۔۔ حفظان صحت کے اصولوں پر گفتگو کر رہے ہوتے تو ایک ماہر ڈاکٹر معلوم ہوتے، لائیوسٹاک کی افزائش اور دیکھ بھال کے طریقوں پر بحث کرتے تو شناسائے حیوانات لگتے، بزرگان دین اور اولیاء کرام کے کارناموں اور کشفات پر بیان کرتے تو پیر کامل لگتے، سیاست کے امور بیان کرتے تو ایک Statsman لگتے، رات کو گریہ زاری اور خضوع و خشوع سے یوں دعائیں مانگتے کہ ایسا لگتا کہ اس دنیا فانی سے انکا کوئی تعلق ہی نہیں رہا۔

1947 میں تحریک آزادی کے دوران جنگی محاذ پر وہ مجاہدین کے حوصلے بڑھانے کے لیے اگلے مورچوں پر رہے۔ پاک فوج کے اس وقت کے ایک کمانڈر کے بقول پونچھ شہر پر حملہ کی حکمت عملی میں وہ پیش پیش تھے اور اس جنگ بندی معاہدہ کے خلاف بھی تھے جس کی وجہ سے پونچھ شہر فتح ہوتے ہوتے رہ گیا۔ پاک فوج کے کمانڈر کے بقول ان کے قبیلے کے رضا کاروں نے وہ توپیں محاذ جنگ پر پہنچائی جو نقل حمل کے ذرائع نہ ہونے کے سبب پاک فوج کے جوان بھی لے جانے میں ناکام رہے اور جس کی وجہ سے مخالف فوجوں کی پیش قدمی رک گئی۔ یوں وہ بیک وقت فوجی کمانڈر تھے اور ساتھ ہی ساتھ ہر دل عزیز سیاسی اور مذہبی رہنماء بھی۔

بقول حضرت مولانا یوسف مرحوم ان کی سب سے بڑی خوبی ان میں نرم دم گفتگو اور گرم دم جستجو کا ملکہ تھا۔ وہ اقبال کے حقیقی شاہین اور حقیقی رہنما کے تصورات کے امین تھے۔ وہ مزید فرماتے ہیں ان کی ایک دوسری بڑی خوبی ان کی بردباری، قوت برداشت اور بے لوث پن تھا۔ فی الواقع رہنما کے کوائف میں ایسی خوبیاں ہی سب سے اعلیٰ شمار کی جاتی ہیں۔۔ اور بدقسمتی سے عہد حاضر میں ہمارے رہنماؤں میں ان کا شدید فقدان ہے۔

بطور سماجی رہنما آپ کا کردار ایک علیحدہ مضمون کا متقاضی ہے۔ آپ نے اہل پونچھ میں فضول رسومات، فضول خرچی کو ختم کرنے اور مٹھی بھر آٹا جمع کرنے کے خیال ذریعے بچت، منصوبہ سازی اور ذاتی ضبط کا جو تصور دیا اور اسے غازی ملت محمد ابراہیم اور خان حبیب جیسے کرداروں کی اعلیٰ تعلیم کے لیے استعمال کیا وہ تاریخ میں ہمیشہ لافانی اور یادگار رہے گا۔ سیاست میں اپنی جگہ سردار سردار محمد ابراہیم خان کو ممبر اسمبلی نامزد کر کے پھر خود مہم چلا کر اسمبلی میں پہنچایا۔ یوں وراثتی سیاست کے بت کو پاش پاش کرنا ان کا وہ کارنامہ ہے جسکی مثال کم کم ہی ملتی ہے۔

خان صاحب ایسے رہنما تھے جو جذبہ ترغیب اور عمل کے دریچے کھولتے تھے۔ غازی ملت سردار محمد ابراہیم صاحب ان کے بارے میں فرماتے ہیں کہ جب انہوں نے خانصاب کی ترغیب اور تلقین پر الیکشن لڑنے کا قصد کیا تو وہ ان کو متعارف کروانے اپنے حلقہ انتخاب میں لے گئے۔ تو جہاں ہم جاتے لوگوں کا ہجوم اُمڈ آتا۔ مگر جب وہ سیاست سے دست کشی اور اپنے نئے ارادے کا اظہار کرتے تو لوگوں کی آنکھوں میں آنسو اُمڈ آتے اور ان کے چہرے مایوسی سے لٹک جاتے۔ یوں تمام قبائل میں یکساں توقیر اور تکریم کا مقام پانا صرف خان صاحب کا ہی یگانہ اعزاز ٹھرا۔

آزاد خطہ میں حکومت بننے کے بعد ہر بڑا عہدہ آپ کے گھر کی لونڈی تھا مگر اس درویش صفت انسان نے سیاست سے کنارہ کشی اختیار کی اور دوسروں کو جگہ دی۔ بالآخر 11 نومبر 1962ء میں خطہ کشمیر کا یہ عظیم رہنما اور عہد ساز شخصیت ملک راعی عدم ہوئی۔ شاید ایسے ہی کردار کے بارے میں شکسپیر نے کہا تھا:

If Nature speaks , it world say , 'Yes This was the man'

مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم
تو نے وہ گنج ہائے گراں مایہ کیا کیے

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں.....(ادارہ)

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کی تین ترجیحات ..... تحریک آزادی کشمیر ..... گڈ گورننس ..... تعمیر و ترقی

آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

نظامت اعلیٰ صحت عامہ مظفر آباد

عنوان:۔ داخلہ B.Sc(Generic) نرسنگ چار سالہ ڈگری پروگرام سیشن 2022-23 (یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کے ساتھ الحاق شدہ) و داخلہ دوسالہ پوسٹ آر این بی ایس سی نرسنگ در سٹیٹ کالج آف نرسنگ میرپور آزاد کشمیر

B.Se(Generic) نرسنگ چار سالہ ڈگری پروگرام میں داخلے کی اہلیت

سٹیٹ کالج آف نرسنگ میرپور میں چار سالہ B.Sc(Generic) نرسنگ ڈگری پروگرام میں داخلہ کیلئے آزاد کشمیر، مہاجرین جموں و کشمیر مقیم پاکستان اور مہاجرین جموں و کشمیر 1989ء سے درج ذیل اہلیت/کوائف کی حامل خواتین امیدواران سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

1	عمر کی حد 17 تا 25 سال	2	تعلیمی قابلیت:۔ ایف ایس سی پری میڈیکل گروپ کم از کم 50% نمبرات کے ساتھ
3	ڈومیسائل اور باشندہ ریاست درجہ اول رکھتی ہو	4	میٹرک، ایف ایس سی مارکس شیٹ (مصدقہ نقول)
5	18 سال سے زائد عمر کی صورت میں کمپیوٹرائز شناختی کارڈ (مصدقہ نقول)	6	18 سال سے کم عمر کی صورت میں فارم "ب" کی مصدقہ نقل۔
7	سرٹیفکیٹ (اصل) ازاں کالج	8	تین عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (حالیہ)
9	میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ (اصل)	9	قد کم از کم 5 فٹ 4 انچ

چار سالہ B.Sc(Generic) نرسنگ ڈگری پروگرام میں داخلہ کیلئے داخلہ فارم/پراسپیکٹس سٹیٹ کالج آف نرسنگ میرپور سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ہر لحاظ سے مکمل درخواستیں بنام پرنسپل سٹیٹ کالج آف نرسنگ سیکٹر A-5 میرپور آزاد کشمیر مورخہ 25 نومبر 2022ء تک موصول کی جائیں گی۔ نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں قطعی طور پر زیر غور نہیں لائی جائیں گی۔ باشندہ ریاست سرٹیفکیٹ اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے ذیر کار ہونے کی تصدیق کسی بھی صورت میں قابل قبول نہیں ہوگی۔

نوٹ:۔ (نیز ایف ایس سی نان میڈیکل گروپ، کمپیوٹر گروپ، کامرس گروپ، ایف اے والی امیدواران درخواست دینے کی اہل نہیں ہوں گی)

ٹیسٹ/انٹرویو بذیل شیڈول کے مطابق صبح 9:00 بجے شروع ہوں گے۔ ٹیسٹ انٹرویو میں اصل اسناد و کاغذات لانا لازمی ہوں گی۔

-1	ضلع مظفرآباد/جہلم ویلی (ہٹیاں بالا)/نیلم۔	انٹرویو مورخہ 6 دسمبر 2022ء
-2	ضلع پونچھ/سدھنوتی/باغ/حویلی۔	انٹرویو مورخہ 7 دسمبر 2022ء
-3	ضلع میرپور/بھمبر/کوٹلی/مہاجرین مقیم پاکستان/1989 کے بعد آنے والے مہاجرین۔	انٹرویو مورخہ 8 دسمبر 2022ء

پوسٹ آر این بی ایس سی نرسنگ دو سالہ ڈگری پروگرام میں داخلے کی اہلیت

1	درخواست گزار کا داخلہ کیلئے تین سالہ ڈپلومہ جنرل نرسنگ و یکسالہ مڈوائفری کا ہونا لازمی ہے	2	[illegible]
3	درخواست گزار کا بطور سٹاف نرس [illegible] پاکستان اور آزاد کشمیر کے کسی بھی ہسپتال میں [illegible]	4	درخواست گزار کا پاکستان نرسنگ کونسل (PNC) میں رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے
5	ایڈمیشن ٹیسٹ [illegible] انٹرویو کی بنیاد پر میرٹ ہوگا	6	محکمہ صحت عامہ آزاد کشمیر کے ملازمین کو NOC لینا ضروری ہے
7	داخلہ کیلئے عمر کی کوئی قید نہیں ہے		

یکسالہ مڈوائفری اور یکسالہ ایکسٹنڈ ایڈ سپیشلٹی کورس میں داخلہ کی معلومات کیلئے نیچے دیئے گئے ادارے کے نمبر پر رابطہ کریں

پوسٹ آر این بی ایس سی نرسنگ دوسالہ ڈگری پروگرام میں داخلہ کیلئے درخواستوں کی آخری تاریخ 26 نومبر 2022ء اور ٹیسٹ/انٹرویو مورخہ [illegible] دسمبر 2022ء کو لیے جائیں گے۔

مقام ٹیسٹ انٹرویو: اسٹیٹ کالج آف نرسنگ سیکٹر A-5 میرپور آزاد کشمیر۔

ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ
آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

رابطہ نمبر سٹیٹ کالج آف نرسنگ میرپور 05827-921478

AK-158-N/11/22

www.pidajk.gok.pk

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کی تین ترجیحات ..... تحریک آزادی کشمیر ..... گڈ گورننس ..... تعمیر و ترقی

پرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی راولاکوٹ (پونچھ) آزاد کشمیر

مشتری ہوشیار باش

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ دلشاد بیگم بیوہ محمد اصغر خان ساکن اسرار آباد بنگوئیں، روزینہ اصغر دختر محمد اصغر خان زوجہ محمد معروف خان ساکن جنڈالہ، نازیہ اصغر خان دختر محمد اصغر خان زوجہ محمد عاطف خان ساکن ملوٹ دھیر کوٹ باغ، عاقب اصغر ولد محمد اصغر خان ساکن اسرار آباد بنگوئیں نے درخواست دی ہے کہ محمد اصغر خان ساکن اسرار آباد بنگوئیں وفات پا گیا ہے۔ متوفی مذکور کے نام محکمہ پرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی راولاکوٹ کی پبلک ہاؤسنگ سکیم راولاکوٹ میں واقع پراپرٹی/پلاٹ نمبر D-251 ان کے نام منتقل کیا جائے۔ لہذا آگاہ رہیں کہ اگر مذکورہ بالا ورثاء کے علاوہ دیگر کوئی شخص/اشخاص پراپرٹی مذکورہ بالا کے دعویدار/حصہ دار ہوں تو اندر ایک ہفتہ دفتر PDA میں آ کر بذریعہ درخواست مطلع کریں بصورت دیگر منتقلی کی کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل پذیرائی نہ ہوگا۔

اسٹیٹ آفیسر
پرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی راولاکوٹ

www.pidajk.gok.pk

1

[illegible]

2

[illegible]

3

[illegible]

4

[illegible]

5

[illegible]

6

[illegible]

7

[illegible]

8

[illegible]

9

[illegible]

10

[illegible]

11

[illegible]

12

[illegible]

13

[illegible]

14

[illegible]

15

[illegible]

16

[illegible]

17

[illegible]

18

[illegible]

19

[illegible]

20

[illegible]

21

[illegible]

22

[illegible]

23

[illegible]

24

[illegible]

25

[illegible]

26

[illegible]

27

[illegible]

28

[illegible]

29

[illegible]

30

[illegible]

31

[illegible]

32

[illegible]

33

[illegible]

34

[illegible]

35

[illegible]

36

[illegible]

37

[illegible]

38

[illegible]

39

[illegible]

40

[illegible]

41

[illegible]

42

[illegible]

43

[illegible]

44

[illegible]

45

[illegible]

46

[illegible]

47

[illegible]

48

[illegible]

49

[illegible]

50

[illegible]

51

[illegible]

52

[illegible]

53

[illegible]

54

[illegible]

55

[illegible]

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

باغ:۔سابق امیدوار اسمبلی و پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما سردار طاہر اقبال، خالد کھوکھر و دیگر سیرت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

باغ:۔کشمیر ہائی وے کے ایم ڈی سردار طاہر اقبال و دیگر مقررین پریس کلب کی کابینہ کی حلف برداری کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

اپوزیشن کے منفی ہتھکنڈوں کے باوجود بلدیاتی انتخابات ہو کر رہیں گے، افنان نواز

چند کا ٹولہ اپنے اور اپنی اولادوں کے اقتدار کی خاطر بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں رکاوٹ ڈال رہا ہے، سازش کامیاب نہیں ہوگی

نسل در نسل اقتدار کی یہ روش اب قابل قبول نہیں اور نوجوانوں کو اب حق کی خاطر بھرپور آواز بھی اٹھانا ہوگی، معاون خصوصی سیاحت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) معاون خصوصی سیاحت برائے وزیر اعظم سردار افنان نواز نے کہا ہے کہ اپوزیشن اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے لیکن بلدیاتی انتخابات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ یہ چند کا ٹولہ اپنے اور اپنی اولادوں کے اقتدار کی خاطر بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں رکاوٹ ڈال رہا ہے۔ ایسی کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ ریاست کے نوجوان وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔ناظم زراعت تحقیق خواجہ مسعود اقبال و دیگر سیمینار میں شریک ہیں۔

حکومت انتخابات کروانے سے خوفزدہ ہے، ابرار حقانی

حیلے بہانوں کو جوازیت بنا کر راہ فرار اختیار کرنے کی کوشش کی جارہی ہے

اسلام آباد (دھرتی نیوز) حکومت آزاد کشمیر بلدیاتی الیکشن کروانے میں اپوزیشن سے خوف زدہ ہے۔ حکومت وقت کو اس بات کا مکمل ادراک ہے۔ ووٹر فہرستوں درستگی نہ ہونے کے باوجود پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن نے حکمت عملی کے تحت اپنا ورک بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے مکمل کر رکھا ہے۔ تحریک انصاف کی حکومت صرف سپریم کورٹ کے حکم اور الیکشن کمیشن تیاری کے بعد (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

ریاست کا فیصلہ ریاستی باشندوں نے کرنا ہے، اسلم کاظمی

مودی کی غاصب و جابر حکومت نے کشمیر میں ظلم وستم کا ایک بازار گرم کر رکھا ہے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) نریندر مودی اور انڈین حکومت کے تمام اراکین ریاست جموں کشمیر سے اپنی افواج کو نکال کر اپنے اصل وطن انڈیا لے جائیں، ریاست جموں کشمیر جو صرف ریاست جموں کشمیر کے باسیوں کا ہے اس پر کسی بھی غاصب کو ہم کسی صورت برداشت نہیں کر سکتے، ہمارے حقوق غصب کرنے والو سن لو، جب تک ہم زندہ ہیں اور ہماری نسل سے کوئی بھی بچہ زندہ رہے گا اس وقت (بقیہ 21 صفحہ 03 پر)

جامعہ پونچھ آزاد کشمیر میں ریشم کی پیداوار بڑھانے سے متعلق ایک روزہ تربیتی ورکشاپ منعقد

انعقاد محکمہ ابریشم آزاد کشمیر کے تعاون سے کیا گیا، مقامی کسانوں، فیکلٹی ممبران اور دیگر کی بھی شرکت، عملی مظاہرہ

ریشم گھریلو صنعت تھی، محکمہ سیری کلچر صنعت کو آزاد کشمیر میں فروغ دینے کیلئے کوشاں ہے، ڈائریکٹر سیری کلچر سید علی اصغر شاہ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر کے شعبہ انٹامولوجی میں "محکمہ ابریشم" (Sericulture) کے تعاون سے خطہ میں ریشم کی پیداوار بڑھانے سے متعلق ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں ریشم کی تیاری کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ ورکشاپ کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر (سیری کلچر) آزاد کشمیر سید علی اصغر شاہ اور ڈین ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم تھے جبکہ ورکشاپ کے فوکل پرسن شعبہ انٹامولوجی کے (بقیہ 23 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی انتخابات کیخلاف سازشیں قبول نہیں، عاشق اعوان

اقتدار کو نچلی سطح پر منتقل ہونے سے روکنے کیلئے کوششیں کی جارہی ہیں، تشویش

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر کی سیاسی جماعتوں کے سربراہان نے پریس کانفرنس کر کے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کو روکنے کیلئے مختلف حیلے بہانے تراشے ہیں، اکتیس سال بعد ہونے والے بلدیاتی انتخابات کی راہ میں رکاوٹ ایک سوچی سمجھی سازش کی جارہی ہے۔ (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

بااثر افراد مجھے قتل کی دھمکیاں دے رہے ہیں، فضل کریم کا الزام

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ضلع سدھنوتی کی یونین کونسل چھلاڑ سے تعلق رکھنے والے فضل کریم ولد کرم خان نے اپنے ایک (بقیہ 03 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی انتخابات میں التواء قبول نہیں، سردار جاوید شریف

ایک ہی دن آزاد کشمیر بھر میں انتخابات کا انعقاد کروایا جانا چاہیے، خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما و امیدوار ڈسٹرکٹ کونسلر یونین کونسل بھنا کھ پانیولہ سردار جاوید شریف ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات کو کسی صورت التواء کا شکار نہ کیا جائے، ڈویژن یا ضلع وائز انتخابات کے بجائے ایک ہی دن میں پورے آزاد کشمیر میں انتخابات کروائے جائیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وارڈز میں کارنر میٹنگ سے (بقیہ 20 صفحہ 03 پر)

ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی فیس مقرر کرنے پر ڈپٹی کمشنر پونچھ سے تشکر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) معروف سیاسی وسماجی رہنما سردار محمد جاوید صادق خان آف ہورنہ میرہ ممبر نے اپنے ایک تحریری بیان (بقیہ 24 صفحہ 03 پر)

JKPP بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگی، مشتاق احمد

حکمران ٹولے کی مشینری محض پرچیاں کاٹ کاٹ کر لوگوں کو مطمئن کر رہی ہے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے سینئر نائب صدر سماجی رہنما چیئرمین عدل وانصاف فاؤنڈیشن سردار مشتاق احمد خان نے ایک بیان میں کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں عوام کو پھر ایک بار حقوق عدل وانصاف سے دور رکھنے کے لئے تمام غیر ریاستی جماعتوں نے ذاتی (بقیہ 25 صفحہ 03 پر)

شمالی کشمیر میں تلاشی کارروائی میں چھ کشمیری نوجوان گرفتار

غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے ایکٹ کے تحت مقدمات درج

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی فورسز نے شمالی کشمیر میں محاصرے اور تلاشی کارروائی میں چھ نوجوانوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ بھارتی فوج نے نے کپواڑہ اور بارہمولہ اضلاع کے مختلف علاقوں میں گھروں پر چھاپوں کے دوران بلال احمد، واحد احمد، جاوید احمد، مشتاق احمد اور بشیر احمد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے کپواڑہ پولیس اسٹیشن میں تمام افراد کے خلاف کالے قانون غیر قانونی (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

عرفان خان کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سابق لوکل کونسلر نامنوٹہ صوبیدار (ر) میر اکبر خان مرحوم کی اہلیہ نامنوٹہ ڈویلپمنٹ فورم کے صدر امیدوار ٹاؤن کمیٹی کھائی گلہ لوکل کونسلر عرفان خان کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں، مرحومہ کی نماز جنازہ کی ادائیگی (بقیہ 05 صفحہ 03 پر)

جموں اور سرینگر میں نرسوں، مزدوروں کے احتجاجی مظاہرے

نرسوں کا تنخواہوں کی ادائیگی کے مطالبے کے حق میں شدید احتجاجی مظاہرہ

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی حکومت کی کشمیر دشمن پالیسیوں کے خلاف جموں اور سری نگر میں بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرے کیے گئے ہیں۔ ہنرمند اور غیر ہنرمند محنت کشوں نے اپنے مطالبات کے حق میں جموں میں سرمائی وے کے دفتر کے قریب احتجاجی دھرنا دیا۔ ہائی وے کی تعمیر (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

سابق ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی دوست مزاری کی ضمانت منظور

لاہور (صباح نیوز) اینٹی کرپشن کورٹ سے سابق ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی دوست مزاری کی ضمانت منظور ہوگئی۔ اینٹی کرپشن کورٹ نے دوست مزاری کی ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست پر فیصلہ سناتے ہوئے انہیں ایک لاکھ (بقیہ 26 صفحہ 03 پر)

علامہ اقبال کا تحریک آزادی میں نمایاں کردار تھا، محمد غالب

مودودی فاؤنڈیشن کے چیئرمین محمد غالب کا ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کو خراج عقیدت

برمنگھم (صباح نیوز) سید مودودی فاؤنڈیشن کے چیئرمین محمد غالب نے اقبال ڈے کے موقع پر پاکستان عالم اسلام کے عظیم شاعر اور رہنما ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبال کا تحریک آزادی پاکستان میں بڑا اہم اور نمایاں کردار تھا ان کا بانی پاکستان کے ساتھ بہت ہی قریبی تعلق تھا۔ ایک بیان میں محمد غالب نے کہا کہ تحریک پاکستان (بقیہ 27 صفحہ 03 پر)

کشمیری خاتون ڈاکٹر کیلئے شاندار خدمات پر عالمی اعزاز

ڈاکٹر عفیفہ قاضی کو لندن میں سائیکا ٹرسٹ آف دی ایئر ایوارڈ سے نوازا گیا

لندن (کے پی آئی) کشمیری خاتون ڈاکٹر کو ذہنی صحت کے شعبے میں شاندار خدمات پر عالمی اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ ڈاکٹر عفیفہ قاضی کو لندن کے رائل کالج آف سائیکاٹرسٹ کی جانب سے سائیکاٹرسٹ آف دی ایئر 2022 ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کی سابق طالبہ ڈاکٹر عفیفہ قاضی کو یہ اہم ترین ایوارڈ ذہنی صحت کے لیے ان کی شاندار خدمات پر دیا گیا (بقیہ 06 صفحہ 03 پر)

ارشد شریف پر تشدد کی شہادتیں انتہائی قابل مذمت ہیں، فواد چوہدری

لاہور (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ارشد شریف پر تشدد کی شہادتیں انتہائی قابل مذمت ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

کورونا وائرس، مزید ایک مریض دم توڑ گیا، 38 نئے کیسز

کیسز کی شرح صرف 0.71 فیصد رہی، 51 مریضوں کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (صباح نیوز) مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کے باعث ملک بھر میں ایک اور مریض دم توڑ گیا۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں 38 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ تازہ ترین اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں کورونا وائرس کے کیسز کی شرح میں مسلسل کمی جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اس موذی وبا میں مبتلا ایک اور مریض جاں بحق ہو (بقیہ 18 صفحہ 03 پر) قومی ادارہ برائے صحت (این آئی ایچ) کے جاری کردہ

اپوزیشن انتخابات سے راہ فرار اختیار کر رہی ہے، مسعود حیات

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تحریک لبیک آزاد کشمیر کے مرکزی رہنما سابق امیدوار اسمبلی ایل اے 15 وسطی باغ صاحبزادہ سردار مسعود حیات قادری نے صحافیوں سے گفتگو کرتے (بقیہ 28 صفحہ 03 پر)

کشمیر اسمبلی میں آزاد کشمیر کی نمائندگی کیلئے 24 نشستیں مختص

مغربی پاکستانی پناہ گزینوں کا معاملہ حکومت کے دائرہ اختیار میں ہے، الیکشن کمیشن

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی الیکشن کمیشن نے قرار دیا ہے کہ جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی میں پاکستان کے زیر انتظام کشمیر کے لیے 24 نشستیں مختص ہیں۔ حد بندی کمیشن نے بھارتی حکومت کے زیر انتظام کشمیر سے بے گھر افراد کی نمائندگی کے معاملے پر غور کرنے کی سفارش کی ہے۔ جموں وکشمیر ہائی کورٹ کے ایڈووکیٹ آدتیہ شرما (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

بھارت جابرانہ کارروائیوں کے ذریعے آواز کو خاموش کرانا چاہتا ہے، حریت کانفرنس

بھارت روایتی ہٹ دھرمی ترک کرے کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق مسئلہ کشمیر حل کرنے کیلئے اقدامات کرے

نوجوان مادر وطن کو بھارت کے غیر قانونی تسلط سے آزاد کرانے کیلئے گزشتہ سات دہائیوں بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے واضح کیا ہے کہ کشمیری عوام اور قیادت کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ وہ جاری تحریک آزادی کو اس کے منطقی انجام تک پہنچائیں۔ کشمیری اپنے حق خود ارادیت کے لیے پرامن جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں تاہم بھارتی حکام وحشیانہ کارروائیوں کے ذریعے ان کی جائز آواز کو خاموش کرانا چاہتے ہیں۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں تنازعہ کشمیر کو عالمی سطح پر تسلیم شدہ حقیقت قرار دیتے ہوئے بھارت پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی روایتی ہٹ دھرمی ترک کرتے ہوئے اس دیرینہ تنازعہ کو اقوام متحدہ کی (بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

باغ، شیخ برادری کیجانب سے پی ٹی آئی کی حمایت کا اعلان

سابقہ حکومتوں پر مسائل حل کروانے کے حوالہ سے عدم دلچسپی کا بھی الزام

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) الشیخ بستی کے تمام شیخ برادری نے متفقہ طور پر پی ٹی آئی کے نامزد امیدواران کی حمایت کا اعلان کر دیا، اس سلسلہ میں الشیخ بستی میں شیخ برادری کا ایک ہنگامی اجلاس زیر صدارت سرپرست اعلیٰ شیخ کریم منعقد ہوا اجلاس کے مہمان خصوصی پی ٹی آئی میونسپل کارپوریشن (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

ٹی 20 ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں پاکستان کی جیت پر مقبوضہ کشمیر کے نوجوانوں کا جشن

نریندر مودی اگر مقبوضہ جموں وکشمیر میں سونا چاندی بھی بچھائے تب بھی کشمیری بھارت کے ساتھ نہیں جائیں گے

کشمیر ہمارا ہے اور بھارت نے ہمارے حقوق سلب کر رکھے ہیں، سوشل میڈیا پر وائرل نوجوانوں کی جانب سے مذمت

سری نگر (کے پی آئی) ٹی 20 ورلڈ کپ 2022 کے پہلے سیمی فائنل میں پاکستان کی جیت پر مقبوضہ کشمیر میں بھی خوشی کا اظہار کیا گیا۔ تاریخی لال چوک میں خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ایک کشمیری نوجوان نے پاکستانی ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اگر مودی مقبوضہ جموں وکشمیر میں سونا چاندی بھی بچھائے تب بھی ہم بھارت کے ساتھ نہیں جائیں گے۔ یاد رہے بدھ کے روز پاکستان نے کپتان بابر اعظم اور محمد رضوان کی عمدہ اوپننگ شراکت کی بدولت نیوزی لینڈ کو 7 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ سڈنی میں کھیلے گئے ٹی 20 ورلڈ کپ کے پہلے سیمی فائنل میں (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

چناری، ن لیگ سے کئی افراد کی پی ٹی آئی میں باضابطہ شمولیت

اقتدار کو نچلی سطح پر منتقل کرنے کیلئے وزیر اعظم آزاد کشمیر کو بھی خراج تحسین پیش

چناری (خصوصی رپورٹر) پی ٹی آئی رہنما سابق امیدوار اسمبلی ذیشان حیدر کا کھانیگراں یوسی چکوٹھی کا دورہ، ن لیگ اور پی پی کا جڑ سے صفایا کر دیا درجنوں افراد نے بلا تھام لیا، پی ٹی آئی کے وارڈ کھانیگراں سے امیدوار چوہدری محمود احمد اور ممبر ضلع کونسل راجہ عاطف کے کامیابی یقینی ہے ذیشان حیدر، راجہ عاطف اور چوہدری محمود احمد کا کھانیگراں پہنچنے پر ڈھول کی تھاپ، روایتی (بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

بغیر کسی وجہ تعلیمی اداروں کو بند نہ کیا جائے، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کا خط

اسلام آباد (صباح نیوز) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے کہا ہے کہ بغیر کسی وجہ کے تعلیمی ادارے بند نہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی جانب سے تعلیمی اداروں کو خط لکھا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد کی صورتحال نارمل (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

وزیر تعلیم آزاد کشمیر پر ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا الزام

الیکشن کمیشن سے خلاف ورزی کا نوٹس لے کر کارروائی کیئے جانے کا مطالبہ

چناری (خصوصی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے نامزد امیدوار برائے ضلع کونسل گوجر بانڈی محمد الطاف کیانی نے وزیر تعلیم آزاد کشمیر دیوان علی خان چغتائی پر انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا الزام لگاتے ہوئے الیکشن کمشن سے نوٹس لینے مطالبہ کر دیا، ہٹیاں بالا میں (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

عمران کے دونوں بیٹے پاکستان پہنچ گئے، والد سے ملاقات، خیریت دریافت کی

لاہور (صباح نیوز) عمران خان کے دونوں صاحبزادے قاسم اور سلیمان بیرون ملک سے پاکستان پہنچ گئے۔ عمران خان کی بلٹ پروف گاڑی اور اسکواڈ کی سیکیورٹی میں قاسم اور (بقیہ 31 صفحہ 03 پر)

سیاسی وسماجی شخصیت صوبیدار اشرف آف ناڑ کوبلین کا انتقال

مرحوم نیک اور اعلیٰ اوصاف کے مالک تھے، جمیل خان، عثمان سعید کا بیان

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) یونین کونسل رکڑ (ناڑ کوبلین) سے سابق چیئرمین سردار خان محمد خان مرحوم کے فرزند اور محمد ابراہیم کے والد محترم علاقے کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت صوبیدار اشرف آف ناڑ کوبلین وفات پا گئے ہیں۔ اللہ پاک جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ مرحوم ایک نیک اور اچھے انسان تھے۔ اللہ پاک درجات بلند فرمائے۔ ان خیالات کا اظہار گو سردار جمیل خان اور (بقیہ 32 صفحہ 03 پر)

چناری، چوہدری منظوری کی انتخابات میں باضابطہ مہم شروع

عوام کے حقوق کا تحفظ کرنے، مسائل کو بھرپور طریقے سے حل کرنے کا عزم

چناری (خصوصی رپورٹر) پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار برائے ضلع کونسل کھلانہ چوہدری منظور بہلوٹ نے حلقہ انتخاب میں باقاعدہ اپنی انتخابی مہم کا آغاز کر دیا سگہ سے شروع کی گئی انتخابی مہم زبردست عوامی تائید و حمایت حاصل کرنے میں کامیاب عوام نے زبردست جوشیلے انداز میں استقبال کیا عوامی استقبالیہ سے گفتگو کرتے ہوئے امیدوار ممبر ضلع کونسل چوہدری منظور بہلوٹ نے کہا کہ اپنی عوام کے حقوق کا تحفظ کرنے کے لیے میدان میں اترا ہوں عوام کو خوشخبری سناتا ہوں کہ آپ کا جذبہ جوش وخروش (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

کشمیری نوجوان مزمل مشتاق بھٹ کیخلاف ضمنی چارج شیٹ

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارتی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے کشمیری نوجوان کے خلاف بھارت سے جنگ چھیڑنے کے الزام میں ضمنی چارج شیٹ عدالت میں پیش (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

سیرت النبیؐ میں دنیا وآخرت کی کامیابی ہے، طاہر اقبال

حضورﷺ کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق اپنی زندگی گزارنی چاہیئے

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سابق امیدوار اسمبلی و پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما سردار طاہر اقبال نے کہا ہے کہ حضورﷺ کی سیرت پر عمل کر کے ہی ہم دنیا وآخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں، حضورﷺ نے اسلام کو پوری دنیا میں پیار محبت کے ساتھ پھیلایا ان کی سیرت ہی کی وجہ سے مسلمان (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

سرزمین کشمیر بزرگان دین کا مسکن ہے، امتیاز احمد صدیقی

روحانی، علمی، دینی خدمات کی وجہ سے دین اسلام کا نور ہر سو پھیل رہا ہے

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جمعیت علماء جموں وکشمیر و چیئرمین علماء مشائخ کونسل حکومت آزاد کشمیر مولانا امتیاز احمد صدیقی نے کہا ہے کہ سرزمین کشمیر اولیاء کرام بزرگان دین علماء ربانیین (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

جموں کشمیر کے سانبہ ضلع میں ٹریفک کے حادثے میں تین ہندو یاتری ہلاک

سری نگر (کے پی آئی) جموں کشمیر کے سانبہ ضلع میں ٹریفک کے حادثے میں تین ہندو یاتری ہلاک جبکہ 16 افراد زخمی ہوگئے۔ ہندو یاتریوں کی ایک بس کی جموں پٹھان کوٹ (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

بھارتی حکومت نے جماعت اسلامی مقبوضہ جموں وکشمیر کی نو املاک کو قرق کر لیا

جنوبی کشمیر شوپیاں ضلع کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ شوپیان کا دو سکولوں کی عمارتیں اور زمین بحق سرکار ضبط کرنے کا حکم

مارچ 2019 میں بھارتی حکومت نے جماعت اسلامی مقبوضہ کشمیر پر پابندی لگا دی تھی، بھارتی اخبار میں شائع رپورٹ

سری نگر (صباح نیوز) بھارتی حکومت نے جماعت اسلامی مقبوضہ کشمیر کی نو املاک کو قرق کر لیا ہے۔ ان میں دو سکولوں کی عمارتیں بھی شامل ہے۔ بھارتی اخبار کے مطابق جنوبی کشمیر کے شوپیاں ضلع میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ شوپیان نے بدنام زمانہ ریاستی تحقیقاتی ادارے ایس آئی اے کی درخواست پر جماعت اسلامی کی ملکیتی عمارتوں اور زمین کو بحق سرکار ضبط کرنے کا حکم جاری کیا۔ غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ایکٹ (یواے پی اے) کے تحت یہ کارروائی کی گئی۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ متعلقہ تحصیلدار سے رپورٹ حاصل کرنے اور ان جائیدادوں سے متعلق ریونیو ریکارڈ کا جائزہ (بقیہ 33 صفحہ 03 پر)

نواز شریف، زرداری، فضل الرحمٰن کو مایوسی ہوگی، شیخ رشید

الیکشن ہوں گے، مارنے والے سے بچانے والا زیادہ طاقتور ہے، ٹویٹ

راولپنڈی (صباح نیوز) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ بے اختیار شہباز شریف جاتے شرم الشیخ ہیں اور حسب معمول نکلتے لندن میں ہیں، ایک تعیناتی سب پہ بھاری ہے، نواز شریف نے جتنے لوگوں کو تعینات کیا ان سب سے پھڈا کیا، نواز شریف، آصف زرداری اور فضل الرحمٰن کو مایوسی ہوگی، فیصلہ میرٹ پر ہوگا اور الیکشن ہوں گے، مارنے والے سے بچانے والا زیادہ طاقتور ہے۔ ان خیالات کا اظہار شیخ رشید احمد نے جمعرات کے روز ٹوئٹر پر جاری اپنے (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

راجہ واجد نور الیکشن میں بھرپور کامیابی حاصل کریں گے

پریس کلب باغ کے سابقہ صدر بھی پی ٹی آئی امیدوار کیلئے سرگرم عمل

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان پی ٹی آئی کے نامزد امیدوار برائے ڈسٹرکٹ کونسلر راجہ واجد نور الیکشن میں بھرپور کامیابی حاصل کریں گے، وہ انتہائی محنتی، عوام دوست، دکھی انسانیت کی خدمت کرنے والے شخص ہیں، ان خیالات کا اظہار پریس کلب باغ کے سابق صدر پرویز الحسن طاہر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ واجد نور عوام کی خدمت کا جذبہ رکھتے ہیں ان کی کامیابی یقینی ہے عوام ان کے ساتھ ہیں ہماری ان کے ساتھ مکمل حمایت وتعاون ان کے ساتھ ہے۔

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com